ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (97)

10-02-2023

**بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ،سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی،ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاران کو چیک کیا۔سیکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکے گے،انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں مؤ ثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور جمعتہ المبارک کے روز پولیس اہلکار سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(98)

10-02-2023

**بہاولپور() ڈولفن اسکواڈ پولیس کی قابل تحسین کاروائی، بہاولپور پولیس کی ڈولفن سکارڈ نمبر 03 نے دوران چیکنگ ملزم کو بمعہ اسلحہ ناجائز گرفتار کرلیا مقدمہ درج،ڈی پی اور سید محمد عباس نے ڈولفن سکارڈ نمبر 03 کو سٹیفکیٹ اور نقدی انعام سے نوازا اور شاباش دی۔ بہاولپور پولیس جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات کوشاں ہے،شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے،ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او سید محمد عباس کی قیادت میں بہاولپور پولیس معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ،ڈولفن پولیس سکارڈ نمبر 03 نے ملزم محمد عامر کو بمعہ اسلحہ ناجائز گرفتار کرلیا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے ڈولفن سکارڈ نمبر 03 کے نوجوانوں کو سرٹیفکیٹ اور نقدی انعامات دیئے اور حوصلہ افزائی کی۔ملزمان کو جدید ٹیکنالوجی و شب و روز کی محنت سے گرفتار کیا گیا۔گرفتار ملزم مختلف تھانوں کی حدود میں وارداتیں کرتا تھا۔ملزم سے مزید انیٹروگیشن جاری ہے،ڈی پی او نے ڈولفن سکارڈ نمبر 03 کو کامیاب کارروائی کرنے پر شاباش دی۔بہاول پور پولیس جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات کوشاں ہے،شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے میں بہاولپور پولیس ہر وقت اپنا کردار ادا کرنے میں مصروف ہے اور اس میں مزید تیزی لائی جارہی ہے تاکہ بہاولپور کا امن برقرار رکھا جا سکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور ڈولفن اسکواڈ پولیس کی قابل تحسین کاروائی پر ڈی پی او بہاولپور نے تعریفی سٹیفکیٹ اور نقدی انعام سے نوازا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (99)

10-02-2023

**بہاول پور() پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، گزشتہ روز میں 14 ملزمان گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں سے 510 گرام سے زائد چرس اور 05 پسٹل 30 بور اور 01 ریوالور 32 بور برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ تھانہ ڈیرہ نواب صاحب پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 01 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 510 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ سول لائنز، بغداد الجدید، عباسنگر اور قائمپور پولیس نے اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 06 ملزمان کو گرفتار کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔ تھانہ بغداد الجدید پولیس نے جوا کھیلتے ہوئے 07 ملزم کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قانون شکنی کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 14 ملزمان گرفتار کر لیا